کمپیوٹر استعمال کرنے والوں کے لئے ماہانہ سکیورٹی تعلیم کا نیوز لیٹر

OUCH!

## اس شمارے میں شامل ہے:

- جائزہ
- پاس ورڈ مینیجرز کام کیسے کرتے ہیں؟
- پاس ورڈ مینیجرز کا انتخاب

# پاس ورڈ مینیجرز

## جائزہ

اپنے ہر آن لائن اکاؤنٹ کی حفاظت کے لیئے سب سے اہم قدم جو آپ اٹھا سکتے ہیں وہ ایک منفرد، مضبوط پاس ورڈ کا استعمال ہے۔ بد قسمتی سے ہم میں سے زیادہ تر لوگوں کے پاس اتنے زیادہ اکاؤنٹس ہوتے ہیں کہ ان سب کے پاس ورڈز یاد رکھنا تقریباً ناممکن ہوجاتا ہے۔ اس کا عام حل پاس ورڈ مینیجر کا استعمال ہے، جو کہ پاس ورڈ والٹ بھی کہلا تا ہے۔ اس کے علاوہ یہ آ پ کے لیئے ویب سائٹس، موبائل ایپلیکیشنز اور دوسری ایپلیکیشنز میں لاگ اِن کرنے کے عمل کو کافی آ سان بنا دیتے ہیں۔


### مہمان ایڈیٹر

لینی ذیلٹسر OUCH کے ا س شمارے کے مہمان ایڈیٹر ہیں۔ لینی، NCR Corp میں اپنی توجہ صارفین کے آئی ٹی آپریشنز کی حفاظت پر مرکوز رکھتے ہیں اور SANS انسٹیٹیوٹ میں میل ویر کی روک تھام کے بارے میں تربیت دیتے ہیں۔ لینی ٹوئیٹر پر @lennyzeltser کے ذریعے فعال ہیں اور وہ اپنے مضامین zeltser.com شائع کرتے ہیں۔


## پاس ورڈ مینیجرز کام کیسے کرتے ہیں؟

پاس ورڈ مینیجر ڈیجیٹل تجوری کے طور پر کام کرتے ہیں، یہ آ پ کے یوزرنیمز، پاس ورڈز اور دوسری حساس معلومات کو باحفاظت محفوظ کرتا ہے۔ جب آپ اپنے کسی اکاؤنٹ پر لاگ اِن کرتے ہیں تو پاس ورڈ مینیجر خود کار طور پر آ پ کے پاس ورڈ کو اٹھاتا ہے اور آپ کو محفوظ طریقے سے ویب سائٹ میں لاگ اِن کر دیتا ہے۔ اس طرح آپ کے لیئے سینکڑوں منفرد اور مضبوط پاس ورڈز رکھنا آسان ہو جاتا ہے کیونکہ آپ کو انھیں یاد نہیں رکھنا پڑتا ہے۔

پاس ورڈ مینیجرز آپ کی معلومات ایک ڈیٹابیس میں ذخیرہ کرتے ہیں، جو کہ والٹ بھی کہلاتا ہے۔ پاس ورڈ مینیجر والٹ کے مواد کو انکرپٹ کرتے ہیں اور ان کی حفاظت ایک ایسے ماسٹر پاس ورڈ سے کرتے ہیں جو کہ آ پ کو پہلے سے معلوم ہوتا ہے۔ جب آپ کو اپنے یوزرنیم اور پاس ورڈ کی ضرورت ہوتی ہے، جیسے کہ آن لائن بینک اکاؤنٹ یا ای-میل اکاؤنٹ میں لاگ اِن کرنے کے لیئے، تو آپ کو صرف اپنے پاس ورڈ مینیجر میں ماسٹر پاس ورڈ لکھنا پڑتا ہے اور آپ کا والٹ کُھل جاتا ہے۔

کچھ پاس ورڈ مینیجر والٹ کو آپ کے لوکل سسٹم یا اسمارٹ فون پر ذخیرہ کرتے ہیں جب کہ دوسرے ایسی ریموٹ ویب سائٹ پر ذخیرہ کرتے ہیں جس کی دیکھ بھال پاس ورڈ مینیجر بنانے والی کمپنی کرتی ہے۔ مزید یہ کہ زیادہ تر پاس ورڈ مینیجرز میں والٹ کے مواد کو خودکار طور پر مختلف آلات، جنھیں آپ نے آتھرائز کیا ہو، کو سنکرونائز کرنے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے۔ اس طرح جب آپ اپنے لیپ ٹاپ پر پاس ورڈ اپڈیٹ کرتے ہیں تو یہ تبدیلی آپ کے اسمارٹ فون، ٹیبلیٹ یا آپ کے زیراستعمال دوسرے کمپیوٹر پر سنکرونائز ہو جاتی ہے۔ اس بات سے قطع نظر کہ ڈیٹابیس کہاں محفوظ ہے، آپ کو پاس ورڈ مینیجر ایپلیکیشن استعمال کرنے کے لیئے اسے اپنے سسٹم یا آلات پر انسٹال کرنا پڑتا ہے۔

جب آپ پہلی دفعہ پاس ورڈ مینیجر انسٹال کرتے ہیں تو آپ کو تمام لاگ-انز اور پاس ورڈز خود درج یا درآمد کرنے پڑتے ہیں۔ اس کے بعد جب بھی آپ نئے آن لائن اکاؤنٹ کا اندراج کریں گے یا موجودہ اکاؤنٹ کے پاس ورڈ کو اپڈیٹ کریں گے تو پاس ورڈ مینیجر اس کی شناخت کر لے گا اور والٹ کو خودکار

# پاس ورڈ مینیجرز

طور پر اپڈیٹ کر دے گا۔ یہ اس لیئے ممکن ہے کیوں کہ زیادہ تر پاس ورڈ مینیجر آپ کے ویب براؤزر کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ اس انضمام کی وجہ سے پاس ورڈ مینیجر خودکار طور پر آپ کو ویب سائٹس پر لاگ اِن کر دیتے ہیں۔

پاس ورڈ مینیجر کو اس طرح تخلیق کیا جاتا ہے کہ وہ آ پ کی حساس معلومات کو محفوظ طریقے سے ذخیرہ کر دیتے ہیں۔ تاہم اس کے لیئے ضروری ہے کہ جو ماسٹر پاس ورڈ آپ والٹ کے مواد کی حفاظت کے لیئے استعمال کر رہے ہیں وہ بہت مضبوط ہے اور دوسروں کے لیئے اس کا اندازہ لگانا بہت مشکل ہے۔ ہمارا پُرزور مشورہ ہے کہ آپ ماسٹر پاس ورڈ کے لیئے پاس فریز کا استعمال کریں جو کہ ممکنہ طور پرمضبوط ترین پاس ورڈ کی ایک قسم ہے۔ اگر آپ کا پاس ورڈ مینیجر ٹُواسٹیپ ویری فیکیشن کی حمایت کرتا ہے تو آپ اپنے ماسٹر پاس ورڈ کے لیئے اس کا استعمال کریں۔ آپ اس بات کی تاکید کر لیں کہ آپ اپنے ماسٹر پاس ورڈ کو کسی دوسرے سسٹم یا اکاؤنٹ کے لیئے استعمال نہیں کر رہے ہیں- اس طرح اگر کوئی ہیکر آپ کے والٹ کی نقل حاصل کر بھی لیتا ہے تو وہ اس کے پاس ورڈ کا اندازہ نہیں لگا سکتا ہے اور نہ ہی اس کے مواد تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ آخر میں آپ اس بات کی تاکید کر لیں کہ آ پ کو اپنا ماسٹر پاس ورڈ یاد ہے۔ اگر آپ اس کو بُھول جاتے ہیں تو آپ کسی بھی دوسرے پاس ورڈ تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے ہیں۔


پاس ورڈ مینیجرز آپ کے مختلف پاس ورڈ ز کو محفوظ طریقے سے ذخیرہ کرنے کا آسان طریقہ فراہم کرتے ہیں۔

## پاس ورڈ مینیجر کا انتخاب کرنا

آپ بہت سارے مفت اور تجارتی پاس ورڈ مینیجرز میں سے کسی کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ کون سا پاس ورڈ مینیجر آپ کے لیئے بہترین رہے گا، اس کے لیئے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھیں۔

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ پاس ورڈ مینیجر ان تمام سسٹمز اور موبائل آلات پر کام کرتا ہے جن کے ذریعے آپ کو اپنے والٹ تک رسائی حاصل کرنی پڑسکتی ہے۔ اس حل کے لیئے آپ کے والٹ کے مواد کو آ پ کے تمام آلا ت سے سنکرونائز کرنا آسان ہونا چاہیئے۔
- آپ صرف معروف اور قابل بھروسہ پاس ورڈ مینیجرز کا استعمال کریں۔ ان مصنوعات سے ہوشیار رہیں جو زیادہ پرانی نہیں ہیں یا جن کے بارے میں کمیونیٹی کا ردعمل موجود نہیں ہے- جس طرح سائبر مجرمان نقلی اینٹی وائرس کے سافٹ ویئر بناتے ہیں بالکل اسی طرح وہ نقلی پاس ورڈ مینیجر بھی بناسکتے ہیں جس کے ذریعے آپ کی معلومات چرا سکیں۔
- آپ کا پاس ورڈ مینیجر استعمال کے لحاظ سے آسان ہونا چاہیئے۔ اگر آپ کو کوئی حل استعمال کے لحاظ سے مشکل لگ رہا ہو تو آپ اس کا ایسا متبادل تلاش کریں جو آپ کی ضروریات اور مہارت کے عین مطابق ہو۔
- آپ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ جس حل کا بھی انتخاب کریں وہ باقاعدگی سے اپڈیٹ ہوتا رہے اور اس کے پیچ آتے رہیں اور اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ آپ ہمیشہ تازہ ترین ورژن استعمال کر رہے ہوں۔
- پاس ورڈ مینیجر کو آپ کے مختلف اکاؤنٹس کے لیئے مضبوط پاس ورڈ کے انتخاب کو آسان بنانا چاہیئے جس میں خودکار طور پر مضبوط پاس ورڈ بنانا اور آپ کو پاس ورڈ کی مضبوطی دکھانی شامل ہے۔

# پاس ورڈ مینیجرز

- پاس ورڈ مینیجر کو آپ کو دوسری حساس معلومات، جیسے کہ سکیورٹی سوالات کے جوابات، کریڈٹ کارڈ یا فریکوئینٹ فلائر نمبر، ذخیرہ کرنے کا اختیار بھی دینا چاہیئے۔
- ایسے پاس ورڈ مینیجرز سے ہوشیار رہیں جو آپ کے والٹ کو صنعت کے معیاری انکرپٹنگ کے طریقوں کے بجائے اپنی کوئی نامعلوم انکرپشن تکنیک کا استعمال کر رہے ہوں۔ اگر کوئی وینڈر اپنے بنائے ہوئے انکرپشن کے حل کی تشہیر کرتا ہے تو آپ اس سے دور رہیں۔
- ایسے پاس ورڈ مینیجر سے اجتناب کریں جو آپ کے ماسٹر پاس ورڈ کو ریکوڑ کرنے کا دعویٰ کرتا ہو کیونکہ اس کا مطلب ہے کہ انھیں آپ کے ماسٹر پاس ورڈ کا علم ہے اور اس وجہ سے آپ کو مزید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔

پاس ورڈ مینیجرز آپ کے تمام پاس ورڈز اور دوسری حساس معلومات کو محفوظ طریقے سے ذخیرہ کرنے کے لیئے بہت مضبوط حل ہوتے ہیں۔ تاہم چونکہ یہ اتنی اہم معلومات کی حفاظت کرتے ہیں اس لیئے آپ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ایسے مضبوط ماسٹر پاس ورڈ کا استعمال کر رہے ہیں جس کا حملہ آور کے لیئے اندازہ لگانا مشکل لیکن آپ کے لیئے یاد رکھنا آسان ہو۔

## مزید جانیئے

OUCH! کے ماہانہ سیکیورٹی تعلیم کے نیوز لیٹر کو سبسکرائب کریں،OUCH! archives تک رسائی حاصل کریں اورSANS سیکیورٹی سے مزیدآگاہی کے لئے اس ویب سائٹ کا دورہ کریں http://www.securingthehuman.org (انگریزی میں) ۔

## اردو ایڈیشن

Rewterz پاکستان کی معروف انفارمیشن سکیورٹی کمپنی ہے جو پچھلے سات سالوں سے آئی ٹی سکیورٹی کے شعبے میں خدمات سرانجام دے رہی ہے - کمپنی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے http://www.rewterz.com کا دورہ کریں یاہمارے فیس بک پیج https://www.facebook.com/Rewterz کو 'لائک' کریں یا ٹوئیٹر @Rewterz پر فالو کریں۔

## وسائل:

| | |
|---|---|
| پاس فریزز: | http://www.securingthehuman.org/ouch/2015#april2015 |
| ٹوُ اسٹیپ ویریفیکیشن: | https://www.securingthehuman.org/ouch/2015#september2015 |
| پانچ بہترین پاس ورڈ مینیجرز: | http://lifehacker.com/5529133/five-best-password-managers |
| SANS کی آج کی سکیورٹی تجویز: | http://www.sans.org/tip_of_the_day.php |



**ایڈیٹوریل بورڈ:** بل وے مین، والٹ اسکریونز، فل ہوفمن، لینس اسپٹزنر، کارمن رولی ہارڈی۔

**ترجمہ:** شعیب ہاشمی